(70,000)

جس شخص نے ستر ہزار مرتبہ

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه

پڑھا اللہ پاک اس کی مغفرت فرمادے گا اور جس
کے لیے یہ پڑھا گیا اس کی بھی مغفرت فرمادے گا۔

(مرقاۃ المفاتیح، تحت الحدیث: ۱۱۴۲)



حدیث پاک

جو اپنے گھر کے برتن مٹی کے رکھے
فرشتے اس کی زیارت کریں۔

(فتاوی رضویہ، حصہ الف، ج 1، ص336 ملتقطا)





جمعة مباركة

إِنَّ أَوْلَى النَّاسِ بِاللّٰهِ مَنْ
بَدَأَهُمْ بِالسَّلَامِ

جو شخص پہلے سلام کرے وہ رحمتِ الٰہی کا زیادہ مستحق ہے

(سنن أبي داود، الحديث: ٥١٩٧)

faraz attari madani



فرمان مصطفی ﷺ
جس نے میری قبر کی زیارت کی، اس
کے لئے میری شفاعت لازم ہوگئی۔
(شعب الایمان ، الحدیث : 4159)
جمعة مباركة
FarazAttariMadani





فرمانِ مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

رب تعالٰی ارشاد فرماتا ہے: اے ابن آدم! اپنا خزانہ صدقہ کر کے میرے حوالے کر دے نہ جلے گا نہ ڈوبے گا اور نہ چوری ہو گا (قیامت کے دن) تیری شدید حاجت کے وقت تجھے لوٹا دوں گا۔

(الترغیب و الترہیب ، حدیث:30)

FARAZATTARIMADANI

جمعہ
MUBARAK




فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو مجھ پر جمعہ کے روز درود پاک پڑھے گا میں
قیامت کے دن اس کی شفاعت کروں گا۔
(جمع الجوامع، حدیث: 22352)
Follow us
Faraz Attari Madani
جمعہ مبارک

فرمان مصطفیٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم

عمامے عرب کے تاج ہیں تو عمامہ باندھو تمہاری بردباری (قوت برداشت) میں اضافہ ہو گا اور جو عمامہ باندھے اسے ہر پیچ کے بدلے ایک نیکی عطا ہو گی اور جب دوبارہ پہننے کے ارادے سے اتارے تو ہر پیچ کھولنے پر ایک گناہ مٹا دیا جائے۔

(کنز العمال، حدیث:21138)



جمعہ مبارک

Follow us
Faraz Attari Madani



فرمان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

Follow us
Faraz Attari Madani

مظلوم کی بد دعا سے بچو کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ سے اپنا حق مانگتا ہے
اور اللہ تعالیٰ کسی حقدار کو اس کے حق سے منع نہیں کرتا۔

(احیاء العلوم ، 349/4)



فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جس کے یہاں لڑکا پیدا ہو اور وہ میری
محبت اور میرے نام سے برکت حاصل
کرنے کیلئے اس کا نام محمد رکھے تو وہ اور
اس کا لڑکا دونوں جنت میں جائیں گے ۔

(کنز العمال ، حدیث : 45215)

فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جب مومن کا دل اللہ تعالیٰ کے
خوف سے لرزتا ہے، تو اس کی خطائیں
اس طرح جھڑتی ہیں، جیسے درخت
سے پتے جھڑتے ہیں۔

(شعب الایمان، حدیث:803)





فرمان
مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اللہ پاک کے نزدیک فرائض کی ادائیگی
کے بعد سب سے افضل عمل مسلمان کے
دل میں خوشی داخل کرنا ہے۔
(معجم کبیر، حدیث:11079)
Follow us
Faraz Attari Madani

فرمانِ مصطفیٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

اللہ پاک کی رضا والد کی رضا میں ہے اور
اللہ پاک کی ناراضی والد کی ناراضی میں ہے۔

(ترمذی، حدیث: 1907)

Follow us
Faraz Attari Madani









فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بے شک صدقہ کرنے والوں کو
صدقہ قبر کی گرمی سے بچاتا ہے،
اور بلاشبہ مسلمان قیامت کے دن
اپنے صدقہ کے سائے میں ہو گا۔

(شعب الایمان ، حدیث: 3347)

FARAZATTARIMADANI

فرمانِ مصطفیٰ ﷺ

اللہ پاک اس نوجوان سے محبت فرماتا ہے جو اپنی
جوانی کو اللہ پاک کی فرمانبرداری میں گزار دے۔

(حلیۃ الاولیاء ، 7496)



فرمان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

جو مسلمان کسی مسلمان کی عیادت کیلئے صبح کو جائے تو شام تک اور شام کو جائے تو صبح تک ستر ہزار فرشتے اس کیلئے استغفار کرتے ہیں اور اس کیلئے جنت میں ایک باغ ہو گا۔

(ترمذی ، حدیث : 971)



فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حیا ایمان سے ہے۔

(صحیح مسلم، الحدیث 36)

خیال رہے کہ جو حیا گناہوں سے روک دے وہ تقویٰ
کی اصل ہے اور جو غیرت و حیاء اللہ کے مقبول بندوں
کی ہیبت دل میں پیدا کر دے وہ ایمان کا رکن اعلیٰ ہے۔

(مرآۃ جلد 6)





فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جب تم کسی مریض کے پاس جاؤ تو کچھ لمبی زندگی کی باتیں کر کے اس کا غم دور کرو کیونکہ یہ گفتگو تقدیر کو نہیں بدلے گی اور اس بیمار کا دل خوش ہو جائے گا۔

(ترمذی)



اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الصِّحَّةَ وَالْعَافِيَةَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ

اے اللہ میں تجھ سے صحت،عافیت اور
حسن اخلاق کا سوال کرتا ہوں۔

(مجمع الزوائد، حدیث 17367)



فرمانِ مصطفیٰ ﷺ

(قیامت کے دن)

جھوٹے گواہ کے قدم ہٹنے بھی نہ پائیں گے کہ اللہ تعالیٰ اس کے لیے جہنم واجب کر دے گا۔

(ابن ماجہ، حدیث:2373)

Follow us
Faraz Attari Madani



فرمانِ مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

جو مصیبت کے وقت

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیۡہِ رٰجِعُوۡن

کہتا ہے تو اللہ پاک اس کی پریشانی دور
فرما دیتا ہے اور اس کے کام کا انجام
اچھا فرماتا ہے اور اسے ایسا بدل عطا
فرماتا ہے جس پر وہ راضی ہو جاتا ہے۔

(معجم الکبیر، حدیث: 13027)



آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے رخ انور پر پسینہ کے قطرات
موتیوں کی طرح ڈھلکتے تھے اور اس میں
مشک و عنبر سے بڑھ کر خوشبو رہتی تھی۔

(صحیح بخاری، الحدیث : 6281)



پیدائش کے وقت رسول اللہ ﷺ کے ساتھ
ایک ایسا نور نکلا کہ اس کی روشنی میں
آپ کی والدہ ماجدہ بی بی آمنہ رضی اللہ عنہا
نے شام کے محل دیکھ لئے۔

(کشف الغمۃ، ج2، ص63)




آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے 50 نمازوں کو 5
کروا کر 50 کا ثواب
دلایا۔ (درس سیرت)
Follow us
Faraz Attari Madani

لعاب دہن شریف (تھوک مبارک)

آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے کنویں میں جب لعاب ڈالا تو مدینہ شریف میں اس سے زیادہ کوئی کنواں میٹھا نہ تھا۔

(درس سیرت)



تبسم مبارک

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قہقہہ نہ لگاتے بلکہ ہمیشہ مسکراتے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مسکرانے سے دیواریں روشن ہو جاتیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دانت مبارک کا نور سورج کی شعاعوں کی طرح جلوہ افروز ہوتا۔

(درس سیرت)



سب سے پہلے آقا ﷺ جنت

میں تشریف لے جائیں گے۔

(درس سیرت)

Follow us

Faraz Attari Madani



سرکارِ دوعالم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی امت

کی تعداد تمام انبیائے کرام علیہم الصلوۃ والسلام

کی امتوں سے زیادہ ہے۔

(انموذج اللبیب ، ص 50)

فرمان حضرت علی رضی اللہ عنہ


اپنے گھروں سے مکڑیوں کے جالے دور کرو، یہ ناداری (تنگدستی) کا باعث ہوتے ہیں۔

تفسیر مدارک، پ20، العنکبوت، تحت الآیۃ : 584/5،41

FARAZATTARIMADANI




فرمان حضرت علی رضی اللہ عنہ
تھوڑی چیز دینے سے شرم نہ
کرو کیونکہ دینے سے محروم
رہنا اس سے بھی تھوڑا ہے۔
(المستطرف ،283/1)
FARAZATTARIMADANI


فرمان امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ
FARAZATTARIMADANI
بندے کا بے فائدہ کاموں میں مشغول ہونا اس
بات کی علامت (یعنی نشانی) ہے کہ اللہ پاک
نے اس سے اپنی نظر رحمت پھیر لی۔
(فضول باتوں سے بچنے کی فضیلت صفحہ 57)
FARAZATTARIMADANI

فرمان حضرت مالک بن دینار رحمۃ اللہ علیہ

جب تم اپنے دل میں سختی، جسم میں کمزوری
اور رزق میں تنگی دیکھو تو جان لو کہ تم نے
ضرور کوئی فضول بات منہ سے نکالی ہے۔

(فضول باتوں سے بچنے کی فضیلت صفحہ : 70)



فرمان حضرت سیدنا سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ

لوگوں سے جان پہچان کم
رکھو تمہاری برائی کم ہو گی۔

(اللہ والوں کی باتیں جلد:6 ، 9269)

فرمان حضرت یحییٰ بن ابو کثیر رحمۃ اللہ علیہ

نیکیاں یاد رکھنا اور
گناہوں کو بھول جانا
بہت بڑا دھوکا ہے۔

(حلیۃ الاولیاء، 3/80، رقم: 3244)


فرمان حضرت سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ
اصحاب حکمت کے ساتھ بیٹھا کرو کیونکہ
ان کی مجلس غنیمت، ان کی صحبت سلامتی
اور ان کی دوستی عزت ہے۔
(حلیۃ الاولیاء ،7/334، رقم:10744)
FARAZATTARIMADANI

فرمان حضرت وہب بن منبہ رحمۃ اللہ علیہ

جو کسی مصیبت میں مبتلا کیا گیا یقینا
وہ انبیائے کرام علیہم السلام کے راستے پر چلایا گیا۔

(حلیۃ الاولیاء، 59/4، رقم: 4741)







فرمان حضرت وہب بن منبہ رحمۃ اللہ علیہ

شیطان کو اولاد آدم میں زیادہ سونے اور زیادہ کھانے والا سب سے زیادہ پسند ہے۔

(حلیۃ اولیاء، 61/4،رقم:4752)



فرمان حضرت وہب بن منبہ رحمۃ اللہ علیہ

بداخلاق انسان کی مثال اس ٹوٹے ہوئے گھڑے
(مٹکے) کی طرح ہے جو قابل استعمال نہیں رہتا۔

(احیاء علوم ، 64/3)



کسی نیک عمل کی توفیق ملنا
ہی قبولیت کی نشانی ہے۔

(سیدی قطب مدینہ، ص18)

Follow us
Faraz Attari Madani



حضرت مفتی احمد یار خان رحمتہ اللہ علیہ لکھتے ہیں

نماز مسلمان کے دل کی، چہرے کی، قبر کی، قیامت کی روشنی ہے۔ پل صراط پر سجدے کا نشان بیٹری (ٹارچ) کا کام دے گا۔

(مراۃ المناجیح 232/1)

FarazAttariMadani



جمعہ مبارک



فرمان امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ

امتحان جتنا سخت ہوتا ہے
سند بھی اتنی ہی اعلیٰ ملتی ہے۔

(مدنی مذاکرہ 11 محرم الحرام 1441ھ کے فرامین)

فرمان امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ



میں یہ چاہتا ہوں کہ ہمارے
بچے بچے کے ذہن میں یہ بیٹھ
جائے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ پاک کے
آخری نبی ہیں۔ مدنی مذاکرہ 3 ذوالحجۃ الحرام 1441ھ

عقیدہ
ختمِ نبوّت
یومِ تحفظ

کسی نے کہا ہے: خیالوں کی حفاظت کرو یہ
الفاظ بن جاتے ہیں، الفاظ کی حفاظت کرو یہ
اعمال بن جاتے ہیں، اعمال کی حفاظت کرو یہ
کردار بن جاتے ہیں، کردار کی حفاظت کرو یہ
پہچان بن جاتے ہیں۔

(گفتگو کے آداب صفحہ : 29)

اغوا سے بچنے کے لیے وظیفہ

قَلَّتْ حِیْلَتِیْ اَنْتَ وَسِیْلَتِیْ اَدْرِکْنِیْ یا رسولَ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

فرمان امیر اہلسنت



ایک کاغذ پر یہ وظیفہ لکھ کر پلاسٹک کوٹنگ کروا کر بچے کے گلے میں بطور تعویذ کے ڈال دیں ان شاء اللہ الکریم کوئی اغوا نہیں کر سکے گا۔

(مدنی مذاکرہ،4اکتوبر،2022)


Follow us
Faraz Attari Madani
کسی پیر کامل کا مرید بن
جانا چاہیے کہ اس کی
برکت سے عذاب قبر
دور ہونے کی امید ہے۔
(خوفناک جادوگر، ص9)

یومِ رضا مبارک ہو

واہ کیا بات ہے اعلیٰ حضرت کی

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے پہلے سفرِ حج کے دوران ایک دن ایک بزرگ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا ہاتھ تھام کر گھر لے گئے اور محبت سے کافی دیر تک اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی پیشانی کو دیکھتے رہے اور فرماتے تھے:

"میں اس پیشانی میں اللہ کا نور دیکھ رہا ہوں۔"

(فیضان اعلیٰ حضرت، صفحہ: 142)

FarazAttariMadani





تمام مسلمانوں کو ماہ ربیع الاول کی آمد مبارک ہو
ربیع النور امیدوں کی دنیا ساتھ لے آیا
دعاؤں کی قبولیت کو ہاتھوں ہاتھ لے آیا
FarazAttariMadani



تمام عاشقان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مبارک ہو
پُر نور کی
آمد مرحبا
تاجدار کی
آمد مرحبا
Follow us
Faraz Attari Madani

2 ستمبر یومِ دعوت اسلامی

دعوت اسلامی سنیوں کی وہ فیکٹری ہے جس کی پروڈکٹ دنیائے اہلسنت استعمال کرتی ہے، آج تک کے اعداد و شمار کو دیکھا جائے تو کوئی مدارس، جامعات، اداروں اور تنظیموں کے کارکنان بلکہ ان کے بانیان (FOUNDERS) دعوت اسلامی اور امیر اہلسنت کے فیض یافتہ ملیں گے، لہذا دعوت اسلامی سب کی ہے، سارے سنیوں کو خوش ہونا چاہیے، دعوت اسلامی کے بارے میں کچھ کہنے سے پہلے دیکھ لیں کہ آپ یا آپ کے بڑوں کے ہاں کسی بھی صورت میں کتنے فیصد اس کی پروڈکٹس کا استعمال ہو رہا ہے۔

